कुछ अच्छी बातें भी अिस बिल में सिलेक्ट कमिटी में की गअी हैं। दो साल तक कर्जे की किस्त अदा नही की जा सकीं तो लेनदार १२ अकसात के बजाय २० अकसात में कर्जा वापीस कर सकता है। अिनसॉलव्हन्सी (Insolvancy) के बारें में भी अिस कानून में व्यवस्था की गअी है। अिस में भी अेक बात मै कहना चाहता हूं कि हमारा किसान आज बहुत मखरूज है। यदि वह कर्जा नही चुका सकता है तो जमीनदार को अुसकी पूरी जायदाद कुर्क करने का अेखत्यार अिस कानून में दिया गया है। लेकिन अिस तरह से पूरी जायदाद कुर्क करने का अेखत्यार देना मुनासिब न होगा अिस लिये मेरा सजेशन है कि अुसके लिये मेंटेनन्स (Maintenance) का तो जरिया होना चाहिये। अैसा कानून में भी कहा गया है लेकिन मेंटेनन्स के लिये कितनी जायदाद छोडनी चाहिये अिसके बारे में अलफाज साफ नहीं हैं। आपने टेनंन्सी अॅक्ट में तो माना है कि अेक किसान को मेंटेनन्स के लिये कम से कम १ फॅमिली होल्डिंग जमीन होनी चाहिये, और यदि कोअी जमीन लेना चाहता है तो १ फॅमिली होल्डिंग के नीचें की जमीन नहीं ले सकता। अिस कानून मेंभी अिस तरह का अिन्तेजाम रहना चाहिये कि यदि कोअी जायदाद कुर्क करना चाहता है तो अुसे डेटर के पास कम से कम १ फॅमिली होल्डिंग की जमीन तो छोडनी ही चाहिये। पूरी जमीन कुर्क की जा सकती है अैसा रखना मुनासिब न होगा। यही चंद चीजें मैंने हाअुस के सामने रखी हैं। और मै यह अुमीद करता हूं कि ऑनरेबल मिनिस्टर्स जिन्होनें अिस कानून को पेश किया है और ऑनरेबल मेंबर्स अिस बिल को खूब गौर से देखने के बाद पास करके किसानों को ज्यादा से ज्यादा फायदा पहुंचायेंगे। मद्रास में जैसा मोरेटोरिअम दिया गया है वैसा ही हमारे यहां भी अॅग्रिकल्चरल लेबरर्स को और अॅग्रिकल्चरिस्ट को देने की कोशिश की जानी चाहिये। मैं अॅग्रिकल्चरल लेबरर्स में टॅडि टॅपर (Toddy Tapper) को भी लाना चाहता हूं। अॅग्रिकल्चर में मै अॅग्रिकल्चर तथा अुसके जो अलाअिड ऑक्युपेशन्स (Allied occupations) हैं अुन्हें भी लाना चाहता हूं। अिस लिये टॅडी टॅपर भी अिसमें आतें हैं। अुन्हें भी सहुलियतें पहूचानें की कोशिश की जानी चाहिये। मैंने जो सजेशन हाअुस के सामने पेश किये हैं मै अुमीद करता हूं कि अुनपर विचार करके अुन्हें कबूल किया जायेगा, और किसानों की भलाअी के लिये जो बिल लाया गया है वह जल्दसे जल्द पास किया जायेगा।

شری انا راؤ گن مکھی (افضل پور) :— مسٹر اسپیکر سر۔ سلکٹ کمیٹی کی رپورٹ پڑھنے کے بعد مجھے بھی ایسا معلوم ہوتا ہے کہ اس میں چند چیزیں ایسی ہیں جن پر سیلکٹ کمیٹی نے غور نہیں کیا ہے۔ سب سے پہلے میں ڈبٹ (Debt) کی تعریف کی جانب توجہ مبذول کرانا چاہتا ہوں۔ ڈبٹ کی تعریف سے ایسا معلوم ہوتا ہے کہ ڈبٹ کی لائیبلیٹی (Liability) ہمیشہ کے لئے رہتی ہے جب تک کہ اس کا ایفانہ کیا جائے۔ دائن کی رمیڈی (Remedy) عدالت میں میعاد کی وجہ سے ختم

هو جاتی ھے - وہ ڈگری جو بیرون میعاد هو کیا اس کے بارے میں بھی عدالت تصفیہ کرسکتی ھے ؟ یہ اھم سوال ھے - اس ڈبٹ میں ، اینی لائبیلٹی (Any Liability) کہا گیا ھے - لائبلیٹی ھر وقت رھتی ھے - لیکن اس کے باوجود قانون کا ایک اھم مسئلہ یہ ھے کہ میعاد ختم ھوسکتی ھے - قانون میں جہاں جائداد غیر منقولہ کے لئے ۱۲ سال کے قبضہ کی صورت میں حقوق ختم ھوتے ھیں - لیکن جہاں تک جائداد منقولہ جس میں قرض بھی آتا ھے اس کے حقوق کسی صورت میں بھی ضائع نہیں ھوتے - رمیڈی کا سوال رھتا ھے - دوسرے صوبوں میں جہاں اسی نمونے کے اگریکلچرل ڈبٹرس ایکٹس موجود ھیں جیسے میسور ھے وھاں یہ صاف ظاھر کیا گیا ھے کہ بیرون میعاد جو قرضے ھوں گے وہ قرض کی تعریف میں نہیں آتے - ایسی ڈگری جو بیرون میعاد ھو ناقابل تعمیل ھے - اس ڈگری کا تصفیہ کوئی عدالت نہیں کرسکتی - سیلکٹ کمیٹی نے اس پر توجہ نہیں دی ھے - اس طرح یہ ڈبٹ کی تعریف نامکمل ھے اور سلکٹ کمیٹی اس پر توجہ کرسکتی تھی - عدالت کے سامنے جب ڈبٹ کا مسئلہ جائیگا تو عدالت یہ دیکھے گی کہ ڈبٹ تین سال کا ھے یا چار سال کا ھے یا پانچ سال کا ھے - اور میعاد سماعت کے لحاظ سے اس کا تصفیہ کیا جائیگا - اس میں غلط فہمی پیدا ھونے کا اندیشہ ھے - ایسے ڈبٹس جو اندرون میعاد نہوں ان کے بارے میں خاص عدالتوں کو تحقیقات کے کوئی اختیارات نہ رھنے چاھئیں - ڈبٹس کی تعریف میں اس کو ملحوظ رکھا جانا چاھیئے تھا - لیکن نہیں رکھا گیا -

اس میں دوسری چیزیں بھی ھیں - یہاں یہ ھے کہ ۱۰۰۰۰ سے زائد کے قرض کی تحقیقات نہوسکیے گی - لیکن اس ۱۰۰۰۰ کے تعین میں اگر قرض بنک کو واجب الادا ھو یا گورنمنٹ کو ھو یا شیڈولڈ بنک کو ھو تو ایسی صورت میں ۱۰۰۰۰ کا تعین کس طرح کیا جائیگا ؟ دفعہ (۳) کے پیش نظر اس کی صراحت نہیں کی گئی ھے - یہ صراحت ھونی چاھیئے تھی کہ آیا ان قرضوں کو شامل کیا جائیگا یا نہیں کیونکہ قرض کی تعریف میں آل ڈبٹس (All Debts) کہا گیا ھے - قرض اگر بنک کو یا گورنمنٹ کو یا امداد باھمی کو واجب الادا ھوتو وہ متاثر ھوں گے یا نہیں ؟ دوسرے دفعات میں اسکیلنگ ڈاؤن (Scaling Down) کے سلسلے میں یہ چیز آئی ھے - اس طرح یہاں یہ ابہام رکھا گیا ھے - اس ابہام کو دور کیا جانا چاھیئے -

اس کے بعد فقرات ۲۱ - ۲۲ خاص طور پر ملاحظہ کے قابل ھیں - ۲۱-۲۲ میں یہ ھے کہ معاھدہ یا اقرار بیع اور ایسی تمام چیزوں کی تحقیقات عدالت کرے گی - لازمی ھسٹری (History) دیکھے گی - یہ دیکھے گی کہ قرض کب لیا گیا - کتنا سود لگایا گیا - کتنی رقم ادا کی گئی - کتنی ادا نہیں کی گئی - ان سب کو دیکھا جائیگا - لیکن اس میں یہ صراحت نہیں ھے کہ اگر کسی معاملہ میں ڈگری صادر ھوچکی ھو تو کیا اس ڈگری کی ھسٹری بھی دیکھی جائیگی - اسکی صراحت نہیں ھے - حالانکہ

آگے چلکر اسکیلنگ ڈاؤن کا مسئلہ آتا ہے - تو کیا ایسی صورت میں ڈگری بھی متاثر ہوگی - فریقین یہ سوال اٹھا سکتے ہیں کہ جو ڈگری صادر ہوچکی ہے اسکی ہسٹری بھی دیکھی جائے - عدالت سے جب تحقیقات ہوکر ڈگری صادر ہوتی ہے تو پھر از سر نو اوسکی تحقیقات کرنا پڑیگا اس لئے یہاں یہ چیز صاف ہونا چاہیئے - لیز (Lease) اور اگریمنٹ (Agreement) ان دونوں کے ساتھ ڈگری کو بھی شامل کرنا اور از سرنو تحقیقات کرنا یہ بھی اوس میں شامل کیا جائے - اگر لین دین کے زمانے سے تحقیقات کرنا مقصود ہوتو ایسی صورت میں ڈگری کو شامل کیا جائے - یا اگر گورنمنٹ کا یہ مقصد ہو کہ اسکیلنگ ڈاؤن کے وقت لیا جائے یا ڈگری کو اکسکلوڈ (Exclude) کیا جائے تو اوس کے لئے بھی کوئی پراویژن اس میں ہونا چاہیئے - یہاں اس کا ابہام ہے - اس کی وجہ سے عدالتوں کو انٹرپریٹیشن (Interpretaion) کے لئے ایک راستہ کھلا رہیگا - چونکہ فقرہ ۲۲ اور ۳۱ کا تعلق پچھلے واقعات سے ہے اس لئے فقرہ ۲۲ میں صراحت ہونی ضروری ہے -

فقرہ ۳۶ میں ایک طرفہ کارروائی کے بارے میں پراویژن ہے - میں سمجھتا ہوں کہ ایک طرفہ کارروائی اوس وقت ہوسکتی ہے جب کہ ایک فریق حاضر ہو اور دوسرا حاضر نہ ہو - ضابطہ دیوانی کا بھی یہی اصول ہے - اگر مدعی حاضر ہو اور مدعی علیہ حاضر نہ ہو تو ایک طرفہ کارروائی ہوسکتی ہے - اور اگر مدعی علیہ حاضر ہو اور مدعی حاضر نہو تو عدم پیروی میں مقدمہ خارج ہوسکتا ہے - لیکن یہاں اگر دائن اور مدیون دونوں حاضر نہ ہوں تو پھر ایک طرفہ کارروائی کس کے مقابلہ میں کی جائیگی ؟ یہ ایک ابہام یہاں ہے - عدم پیروی کے بارے میں بھی یہاں کوئی پراویژن نہیں ہے - ایک طرف تو فقرہ (۴) میں نیگیٹیولی (Negatively) یہ بیان کیا گیا ہے کہ اگر کوئی شخص ڈیبٹ سٹلمنٹ (Debt settlement) کے سلسلہ میں درخواست پیش نہ کرے تو اوسکی ڈیبٹ اکسٹینگوش (Extinguish) ہو جائیگی - میں پازیٹیولی (Positively) یہ کہوں گا کہ کوئی شخص درخواست دے اور حاضر نہ ہو یا خرچہ داخل نہ کرے یا مقدمہ کی پیروی نہ کرے تو پھر کیا ہوگا - ایک سکشن اس میں یہ بھی ہے کہ بغیر عدالت کی منظوری کے کوئی درخواست قرضہ سے دست برداری کی قبول نہیں کی جائیگی - ضابطہ دیوانی میں یہ ہے کہ مدعی دعوی داخل کرتا ہے اور وہ مقدمہ سے دست بردار ہوسکتا ہے - لیکن یہاں عدالت کی رضامندی سے دست بردار ہونے کی شرط ہے - اگر عدم پیروی میں درخواست خارج ہوجاتی ہے تو اس کو عام عدالتوں میں جانا پڑتا ہے - لیکن یہ تو خاص عدالت ہوگی - جہاں عام عدالت کے حقوق اکسٹینگوش نہیں ہوسکتے - اس لئے وہ عام عدالت میں جاسکتا ہے - اس طرح جو فائدہ ڈیٹر کو ملنا چاہیئے نہیں ملتا - خاص عدالت میں کوئی شخص درخواست دیتا ہے وہ مرجاتا ہے - دستبرداری کرنے کے لئے بھی کوئی شخص نہیں رہتا - پیروی

بھی نہیں ہوتی ایسی صورت میں کیا درخواست ساقط ہوسکتی ہے ۔ نہیں اس کے متعلق یہاں کوئی پراویژن نہیں ہے ۔

اس بل میں وکلا کے بارے میں مانعت کی گئی ہے ۔ وہ عدالت کی اجازت کے بغیر پیروی نہیں کرسکیں گے ۔ جہاں تک اس قانون کا مقصد ہے یہ ہے کہ دائن اور مدیون دونوں عدالت کے سامنے حاضر رہیں تاکہ نوعیت معاست جائداد کی فہرست وغیرہ یہ تمام چیزیں عدالت کے سامنے رکھی جاسکیں ۔ اور عدالت کو فیصلہ کرنے میں سہولت ہو ۔ لیکن اس کے ساتھ ساتھ مختارتاً پیروی نہ کرنے کے بارے میں کوئی پراویژن نہیں ہے ۔ میں سمجھتا ہوں کہ وکالتاً پیروی کی مانعت ہوتو مختارتاً پیروی کی بھی مانعت ہونا چاہیئے ۔ اوارڈ (Award) کے بارے میں مجھے یہ عرض کرنا ہے کہ ڈیٹ کنسیلیشن ایکٹ کے تحت اگر اس کا فیصلہ ہوتو اوس کے بعد اوس کی رجسٹری ہوگی ۔ لیکن اس میں سقم معلوم ہوتا ہے ۔ فرض کیجیئے کہ عدالت سے فیصلہ صادر ہو لیکن رجسٹری کا خرچہ وہ شخص داخل نہیں کرتا جس پر اس کی ذمہ داری ہوتی ہے یا رجسٹرار کے پاس بیان دینے کے لئے دائن اور مدیون دونوں بھی حاضر نہیں ہوتے ۔ تو پھر ایسی صورت میں یہ اوارڈ معلق ہو جائیگا ۔ اور اوس کی تعمیل نہیں ہوسکیگی ۔ کیونکہ جب تک کہ اوارڈ کی رجسٹری نہ ہو اوس پر عمل نہ ہوگا ۔ اس لئے میرے خیال میں رجسٹری کی شرط نکال دیجانی چاہیئے ۔ اس فیصلہ کو معاہدہ تصور کرکے اس کی رجسٹری پر مجبور کرنا درست نہیں ۔ چونکہ یہ کمپلسری سٹلمنٹ آف ڈیٹ (Compulsory settlement of debt) ہے اس لئے اس کو ایک آپریٹیو (Operative) فیصلہ سمجھنا چاہیئے ۔ کیونکہ اگر کریڈیٹر (Creditor) یا ڈیٹر (Debtor) یا دونوں بھی رجسٹرار کے پاس حاضر نہ ہوں اور اوارڈ کی رجسٹری نہ ہوتو وہ اوارڈ ناقابل تعمیل ہوگا ۔ اس لئے رجسٹری کی شرط نکال دینی چاہیئے ۔ اس بل میں بنک کی تعریف بھی نامکمل کی گئی ہے ۔ اوس کے علاوہ ضابطہ دیوانی کو متعلق کرنا ہی ہے تو جہاں صاف طور پر اس کو متعلق کرنا چاہیئے وہاں بالکل واضح طورپر متعلق کرنا چاہیئے ۔ اس سلسلے میں قائم مقامی اور عدم پیروی کی بھی مشکلات پیدا ہوں گی ۔ ان تمام چیزوں کے بارےمیں صراحت ہونی چاہیئے ۔ ورنہ بہت سی پیچیدگیاں پیدا ہونیکا اندیشہ ہے ۔ اس لئے مجھے امید ہے کہ ان تمام چیزوں کی طرف جن کا میں نے ذکر کیا ہے توجہ کی جائیگی ۔

* شری جی ۔ گوپال راؤ (پاکھال) ۔ جو بل اس وقت ایوان کے سامنے ہے اس کے بارے میں کافی طور پر چرچا کی گئی ہے ۔ بہت ساری خامیوں کے متعلق کہا گیا ہے ۔ سلکٹ کمیٹی کو رفر کرنے کے بعد ہم نے امید کی تھی کہ اس میں بنیادی فرق آجائیگا ۔ اس میں شک نہیں کہ کچھ تبدیلیاں سلکٹ کمیٹی میں ہوئی ہیں لیکن کوئی بنیادی تبدیلی نہیں ہوئی ہے ۔ اس وقت حیدرآباد میں (۹۰) کروڑ روپیہ کا زرعی قرضہ ہے ۔ ایک اور رپورٹ کے

لحاظ سے یہ قرضہ دیڑھ سو کروڑ روپیہ کے قریب ہے ۔ نود کروڑ ہو یا دیڑھ سو کروڑ ۔ اس قرضہ کو کس طرح دور کیا جائے یہ اشیو (Issue) ہمارے سامنے ہے ۔ ایک رپورٹ سے یہ ظاھر ھوا تھا کہ ان قرضوں کے باعث تقریباً ایک تہائی زمین کاشتکاروں کے ھاتھ سے نکل کر ساھوکاروں کے ھاتھ میں چلی گئی ہے ۔ دفعہ (۲۴) کے تحت جو زمینات رھن کی شکل میں چلی گئی ھیں اون کو واپس لیا جاسکتا ہے ۔ سنہ ۴۸ ف میں جو قانون منظور ھوا تھا اوس کے تحت یہ زمین واپس مل سکتی ہے یا نہیں یہ چیز ایوان کے سامنے ہے ۔ اوس جانب کے ایک آنریبل ممبر نے ابھی چند ٹیکنیکل چیزیں آپ کے سامنے رکھی ھیں ۔ اس میں شک نہیں کہ یہ ایک روٹین میاٹر (Routine matter) ۔ جو امنڈ منٹس کے دوران میں لیا جاسکتا ہے ۔ لیکن بنیادی مقصد جو ہمارے سامنے ہے یہ ہے کہ کاشتکاروں کو جو قرضہ ہے وہ کیسے ختم کیا جائے ۔ کیا اس کو فائیو ایرپلان (Five-Year Plan) میں ورک اوٹ (Workout) کیا جاسکتا ہے ؟ اس کا تعلق اگر چیکہ ڈائرکٹ (Direct) نہیں لیکن بالواسطہ ضرور ہے ۔ کیونکہ حیدرآباد کا کاشتکار اگر خوشحال رہ سکے ۔ وہ مقروض نہ رہے اور اوس کی قوت حرید بڑھے تو وہ نیشنل ڈیولپمنٹ (National Development) میں اپنا حصہ ادا کرسکیگا ۔ اور وہ آگے بڑھ سکیگا ۔ اس لئے (۹۰) کروڑ قرضہ کو ختم کرنے کے لئے کافی کوشش ھونی چاھیئے ۔ لیکن جو تدابیر اس سلسلہ میں اس بل کے ذریعہ بنائے گئے ھیں ۔ وہ ناکافی ھیں ۔ اس میں شک نہیں کہ سلکٹ کمیٹی نے ۳۰ فیصد اور ۴۰ فیصد سے بڑھا کر ۵۰ فیصد تک کردیا ہے اور سود میں بھی نو روپیہ کے بجائے چھ روپیہ تک رکھا ہے لیکن اس قسم کے معمولی رد وبدل سے یہ مسئلہ حل نہیں ھوگا ۔ اس مسئلہ کو تو دوسرے طریقہ سے حل کرنا چاھیئے ۔ قانون قرضہ دھندگان کے تحت جیسا کہ آنریبل منسٹر کنسرنڈ نے کہا ۱۸ فیصد تک کمی کی گئی ہے ۔ گویا ۱۱ لاکھ کی کمی کی گئی تھی اوس قانون کے نافذ ھونے کے بعد بھی (۹۰) کروڑ کا قرضہ باقی تھا ۔ اگر اوسی طرح اب بھی کمی کی جائیگی تو زیادہ سے زیادہ بیس پچیس کروڑ کا قرضہ کم ھوگا باقی تو جوں کا توں رھیگا ۔ یہ نود کروڑ کا قرضہ اور ایک تہائی زمین واپس حاصل کرنے کا مسئلہ اس قانون سے حل ھوسکتا ہے یا نہیں یہ سوال ہمارے سامنے ہے ۔ اس قانون سے وہ مسئلہ حل نہیں ھوسکتا ۔ اس نود کروڑ کے قرضہ کو ختم کرنے کے متعلق تو کوئی ڈیفینیٹ (Definte) تاریخ معین کرنی چاھیئے ۔ لیکن سلکٹ کمیٹی نے اس کی طرف کوئی توجہ نہیں دی ہے ۔ مجھے نہیں معلوم سلکٹ کمیٹی یا گورنمنٹ کا نقطہ نظر کیا تھا ۔ یہ تو گورنمنٹ کی پالیسی کا مسئلہ تھا ۔ سلکٹ کمیٹی کو رفر کرنے کا مسئلہ نہیں تھا ۔ گورنمنٹ کی جانب سے جو امنڈمنٹ لائی گئی ہے اوس سے کچھ قرضہ معاف ھو جائیگا لیکن پھر دوچار سالوں کے اندر وہ جوں کا توں ھو جائیگا ۔ میرے پاس کوئی اعداد و شمار تو نہیں لیکن غالباً سنہ ۱۹۱۰ع یا سنہ ۱۹۰۷ سے اس کا حسابیہ شروع جاتا ہے ۔

سنہ ۱۹۰۷ع سے ڈھائی روپیہ لینے کی اجازت ہوئی لیکن اوس سے پہلے ۱۸ روپیہ لینے کی اجازت تھی - آخر اس میں اصل کتنا ہو اور سود کتنا ہو - ہمارا مقصد یہ ہے کہ نہ ساہوکار کو نقصان ہو اور نہ کاشتکار کو نقصان ہو - ساہوکار تو مالدار ہونے کی وجہ سے کچھ نہ کچھ نقصان برداشت کرسکتا ہے لیکن کاشتکار کو نقصان میں مبتلا نہیں کرنا چاہئے لیکن اس سے ہمارا یہ مطلب نہیں کہ ساہوکار پر کوئی زبردست بار عائد کردیں - اب رہا سوال یہ کہ ۵۰ فیصد یا ۳۰ فیصد کٹ کرنا - اسکا مقصد کیا ہوگا - بیس تیس اقساط میں دینا پڑیگا - اور ۶ فیصد سود دیناہوگا - اس میں مزید کمی کی جانی چاہئے تھی -

دوسری چیز یہ کہ اگریکلچرل لیبر (Agricultural Labour) جو رکھا گیا ہے اسکے متعلق کہنا یہ ہے کہ ویسے لوگوں کے لئے جن کے پاس زمینات وغیرہ تھے اور جو بشکل بیع یا رہن رکھے ہیں وہ اسکے تحت آسکتے ہیں - لیکن اگریکلچرل لیبر جسے راست زراعت سے تعلق ہے اوسکو اس قانون کے تحت لانا یہ دفعہ ۳ یا ۴ کے پرویو (Purview) میں نہیں آسکتا - آنریبل چیف منسٹر نے اپنی تقریر میں بتایا تھا کہ مدراس میں لوپیزنٹری (Low Peasantry) کے لئے ریٹ میں اضافہ ہوا ہے - لیکن چھوٹے کاشتکار اور مزدور پیشہ اپنے ضروریات کو پورا نہیں کرسکتے - مدراس میں سروے کیا گیا ہے اوس سے اندازہ ہوسکتا ہے کہ حیدرآباد کے ساہوکار اور کاشتکار اور مدراس کے ساہوکار اور کاشتکار میں تھوڑا سا فرق تو ہوسکتا ہے لیکن زیادہ فرق نہیں ہے - اسلئے کیا تدابیر اختیار کی جاسکتی ہیں اس پر غور کیا جانا چاہئے - کھیت مزدور کی حیثیت سے جو کام کرتے ہیں انکو بھی اس میں شامل کرنا چاہئے تھا اور انہیں سکشن ۴۲ کے تحت فائدہ حاصل کرنے کا موقع دیا جانا چاہئے تھا - اور اس میں جو مبہم چیزیں ہیں اسکو نکال کر صاف صاف چیزیں اس میں آنی چاہئیں -

دوسری چیز یہ ہے کہ دام دپٹ کا طریقہ زمانہ قدیم سے چلا آرہا تھا - ایک زمانے سے حیدرآباد میں یہ روایات چلے آرہے تھے - لیٹ نظام کے زمانے سے پائیگہ کے سلسلہ میں یہ شرط موجود تھی - ساہوکار اور کاشتکار کے درمیان جو رشتہ ہے اوسکو باقی رکھنا چاہئے تھا - وہ بھی اس میں نہیں رکھا گیا ہے - آج بھی دیہات میں دام دپٹ کے تصفیہ ہوتے ہیں - یہ ایک بہت بڑا رواج ہے جو زمانہ قدیم سے چلا آرہا ہے اسکو اس میں شامل نہیں کیا گیا ہے - سود اصل کے برابر ہوتو اسکو کم کیا جاسکتا ہے یہ بتایا گیا ہے - میں کہونگا کہ اس قانون کے تحت دام دپٹ کا طریقہ رکھا جائے تومناسب ہوگا - ہوتا یہ ہے کہ ایک سو روپیہ قرض لیتے ہیں اور ساڑھے تین سو ادا کرنے کے باوجود بھی قرضہ باقی رہتا ہے -

شیڈیولڈ ٹرائبس کو اس میں نگلکٹ (Neglect) کیا گیا ہے اس میں انکو داخل کرنا چاہئے تھا -

لیڈر آف دی ابوزیشن نے فرمایا تھا کہ تاریخ کا تعین ہونا چاہئے سنہ ۱۹۴۰ع یا سنہ ۱۹۴۳ع کا تعین ہونا چاہئے - میں کہونگا کہ جبتک پرانے مرض کو ختم نہ کریں آئندہ منصوبہ بندی نہیں ہوسکتی اسلئے میں عرض کرونگا کہ اس سجیشن (Suggestion) کو مان لیا جائے تو مناسب ہوگا -

شری بھگونت راؤگاڑھے :- مسٹر اسپیکرسر - سلکٹ کمیٹی کی اس رپورٹ کے بارے میں جو اعتراضات کئے گئے ہیں ان میں چند باتیں ایسی ہیں جن میں یہ خواہش کی گئی ہے کہ کچھ ترمیات پیش کی جائیں اور جو پراویژنس رکھے گئے ہیں ان میں کچھ تبدیلیاں کی جائیں - میں مناسب سمجھتا ہوں کہ انکے جوابات اوس وقت دئے جائیں جب وہ ترمیم کے طور پر بیش ہوں - لیکن چند اصولی باتیں جو کہی گئی ہیں انکا مختصر طور پر جواب دونگا - سب سے پہلے یہ الزام لگایا گیا ہے کہ اس بل کو لانے میں گورنمنٹ نے بڑی دیری کی - میں سمجھتا ہوں کہ گورنمنٹ نے طوالت دینے کی خاطر اس میں کوئی دیر نہیں کی ہے - جوں ہی یہ بل یہاں آیا اسکو سلکٹ کمیٹی کے تفویض کیا گیا - وہاں اس پر غور ہوا - سلکٹ کمیٹی نے کچھ مدت کی توسیع چاہی - اسکے بعد سلکٹ کمیٹی نے جوں ہی رپورٹ تیار کرلی وہ ایوان کے سامنے پیش کردیگئی - میں سمجھتا ہوں کہ گورنمنٹ کی جانب سے اس میں دیر نہیں کی گئی اور نہ کوئی ایسا ارادہ تھا کہ اسکو طوالت دیجائے یا دیر کی جائے - یہ بل گذشتہ سشن ہی میں لایا جاتا لیکن وقت نہ ہونے کی وجہ سے نہیں لایا جاسکا - کیونکہ ترجمہ وغیرہ کا مطالبہ کیا گیا تھا جو تیار نہیں تھے اس لئے اسکو اس سشن میں پیش کرنا پڑا -

یہ اعتراض بھی کیا گیا ہے کہ مزدور پیشہ اور بلوتہ داران وغیرہ کو اسکی روسے کچھ رلیف نہیں ملی ہے - یہ اعتراض اوس وقت ہوسکتا تھا جب پہلی مرتبہ بل ایوان کے سامنے پیش ہوا لیکن اب یہ اعتراض اسلئے درست نہیں ہے کہ سلکٹ کمیٹی میں جانے کے بعد تو اس میں اگریکلچرل لیبر کی تعریف کو شامل کیا گیا ہے اور اس میں ٹیننٹ کے الفاظ بھی رکھے گئے ہیں - آنریبل لیڈر آف دی اپوزیشن اگر اسکو ملاحظہ فرمائیں تو معلوم ہوگا کہ زراعت سے تعلق رکھنے والے ہر فرد کو اس میں شامل کیا گیا ہے - اس قانون کے پراویژنس سے ہر ایسا شخص فائدہ اٹھاسکتا ہے جو زراعت سے تعلق رکھتا ہے -

ایک اعتراض یہ بھی کیا گیا ہے کہ سرکاری مطالبات تقاوی، کوآپریٹیوسوسائیٹی کے قرضہ جات وغیرہ کو مستثنی کیا گیا ہے - میں عرض کرونگا کہ اس میں اصول یہ رکھا گیا ہے کہ کاشتکاروں کو ایسے طبقات یا ایسے لوگوں سے محفوظ رکھا جائے جو ان کی جہالت سے ناجائز فائدہ اٹھانے کی کوشش کرتے ہیں - ایسے طبقات کے قرضوں کو کم کرکے کاشتکار کو ریلیف دلانا مقصود ہے - کوآپریٹیو سوسائیٹی یا گورنمنٹ کے قرضے کو اس میں شامل کرنا اسلئے ضروری نہیں تھا کہ کوآپریٹیو سوسائیٹی یا گورنمنٹ کاشتکاروں سے نا جائز منفعت حاصل

کرنا نہیں چاہتی ہے بلکہ اس کے برخلاف ان کو حتی الامکان سہولتیں بہم پہنچانا چاہتی ہے - قرضہ گورنمنٹ از خود معاف کردے تو یہ دوسری بات ہے لیکن اس کو اس قانون کے تحت لانا کوئی موزوں بات نہیں ہے - ایک اور دفعہ کے سلسلہ میں کہا گیا ہے کہ مرے ہوے قرضہ جات کو زندہ کرنے کا امکان ہے - میں کہوں گا کہ یہ محض شبہ ہے - تا ہم اس بارے میں آپ ترمیم پیش کریں تو اس کے متعلق سوچا جائے گا - ایک اور تجویز یہ پیش کی گئی ہے کہ سنہ ۱۹۱۷ ع تک کے حسابات اس قانون کی رو سے دیکھے جائیں - پہلے تو سنہ ۱۹۴۷ کی بجائے سنہ ۱۹۳۵ ع بنایا گیا - اب یہ خواهش کی جا رہی ہے کہ سنہ ۱۹۱۷ ع سے حسابات دیکھے جائیں - میں سمجھتا ہوں کہ آنریبل ممبرس آف دی اپوزیشن کو خود اطمینان نہیں ہے کہ کس تاریخ سے حساب دیکھنا چاہئے اس لئے وہ بار بار تبدیلیاں کرنا چاہتے ہیں - میں اس سے اختلاف نہیں کر رہا ہوں کہ دو سال پہلے لئے جائیں یا دو سال بعد لیکن کہنا یہ ہے کہ کوئی نہ کوئی تاریخ کا تعین ہونا چاہئے - بار بار تبدیلی کرنا مناسب نہیں - چند دوستوں نے یہ اعتراض کیا کہ اس میں قرضہ کی جو تعریفات رکھی گئی ہیں صحیح نہیں ہیں - اور تاریخوں کے بارے میں کہا گیا کہ ایسے قرضے جو بیرون میعاد ہوں اندرون میعاد ہو جائیں گے - یہ محض شبہ ہے - جب کسی قانون مختص الامر کے تعلق سے مقدمات عدالت میں جاتے ہیں تو اوسی قانون کی رو سے میعاد کا تعین ہوتا ہے - اگر ایسی صراحت نہ ہو تو عام قانون میعاد سماعت متعلق ہوگا - اس لئے جو اعتراض کیا گیا ہے اوس کے سمجھنے سے میں قاصر ہوں -

تیسری چیز قرضوں کی تعداد سے متعلق ہے - ۱۰ ہزار کی جو حد مقرر کی گئی ہے وہ سوچ سمجھکر رکھی گئی ہے - اس میں صراحت کی گئی ہے کہ بنک کے بڑے بڑے قرضوں کو اس میں شامل نہیں کیا جائے گا - یہ قانون کاشتکاروں کو زیادہ سے زیادہ ریلیف دینے کے لئے بنایا گیا ہے - اگر ہم بڑی بڑی رقوم کو اس میں شامل کردیں تو بڑے بڑے زمیندار اس میں شامل ہوجائیں گے اور اس سے فائدہ حاصل کریں گے - اس لحاظ سے میں یہ سمجھتا ہوں کہ رقم کی جو حد مقرر کی گئی ہے وہ کافی ہے - اس سے زیادہ اضافہ کرنا اور دوسرے مطالبات کو اس میں شامل کرنا درست نہیں ہوگا -

یہ بھی کہا گیا ہے کہ پیزنٹری پر جو قرضہ جات ہیں اون سے پوری طرح کب نجات ملے گی ؟ اس طرح کے عام ریمارکس کئے گئے ہیں - میں سمجھتا ہوں کہ اس قانون کی اسپرٹ کو سمجھنے کی کوشش نہیں کی گئی ہے - بات یہ ہے کہ قرضوں کے اسکیل ڈاؤن (Scale down) کرنے کی کوشش کی گئی ہے - اس کے بعد بھی نا دهندہ ہے تو اس کے لئے الگ پراویژن ہے - دیوالیہ قرار دینے کی گنجائش بھی ہے -

یہ بھی کہا گیا کہ اس کا تعین کرلیا جائے کہ مینٹیننس (Maintenance) کے لئے
اس قانون میں کتنی اراضی کا براویژن رکھا جائے - اس کے لئے میں کہوں گا کہ ایک
علحدہ قانون موجود ہے - اس میں اس کو مخلوط کرنے سے فائدہ نہیں ہوگا - آخر میں میں
شکر گذار ہوں کہ سلکٹ کمیٹی کی رپورٹ کے بارے میں اظہار خوشنودی کیا گیا ہے اور اسکو
اپریشیئیٹ (Appreciate) کیا گیا ہے -

Mr. Speaker: The question is:

"That L. A. Bill No. XV of 1953, the Hyderabad Agricultural Debtors Relief Bill, 1953, as reported by the Select Committee, be read a second time."

The motion was adopted.

श्री. व्ही. डी. देशपांडे :—ऑनरेबल मेंबर्स की जानिब से यह ख्वाहिश की जा रही है कि अिस बिल पर जो अमेंडमेंटस दिये गये हैं वह अुन्हें हाअुस में आने के बाद मिले हैं। बहुत से अमेंडमेंटस बुनियादी है और अुनके जरिये नये पहलू हमारे सामने आये हैं। अुनके अूपर सोंचने के लिये वक्त मिलना चाहिये। अिसलिये अगर कल अमेंडमेंटस लिये जायें तो अच्छा होगा, और आज पहला दिन है यह भी अेक बात है।

Mr. Speaker: Has the Minister any objection?

The Minister for Local Government and Education (Shri Gopalrao Ekbote): I have no objection if the hon. Members want time to study amendments.

Mr. Speaker: We shall take it up tomorrow. I think we should have the timings changed slightly. We can have recess between 5 and 5-30 p.m. and restart work from 5-30 to 8 p.m.

Now we shall take up item No. 11 on the agenda, the Abolition of Inams Bill.

L. A. Bill No. XVIII of 1954, the Hyderabad Abolition of Inams Bill, 1954.

شری کے۔ وینکٹ رام راؤ :— انعامس بل پر فرسٹ ریڈنگ آج نہ ہونی چاہئے کیونکہ
ہم اسکے لئے تیار نہیں ہیں -

The Minister for Exise Forests and Revenue (Shri K. V. Ranga Reddy): I beg to move:

"That L. A. Bill No. XVIII of 1954, the Hyderabad Abolition of Inams Bill 1954, be read a first time."

Mr. Speaker: Motion moved.

شری کے۔ وی ۔ رنگ ریڈی :- یہ قانون اس لئے پیش کیا گیا ھے کہ اراضیات کے تعلق سے ایک عام مساوات قائم کی جائے ۔ بعض کو انعامات کے قائم رھنے سے بلا معاوضہ اراضیات سے استفادہ کرنے کا حق ہوتا ھے اور بعض کو بہ ادائی معاوضہ استفادہ کرنے کا حق ھوتا ھے۔ اس تفریق کو ختم کرنے کے لئے یہ بل پیش کیا گیا ھے۔ انعامداروں کو موروثی حقوق دئے گئے ھیں اس لئے انعامات کے خاتمہ کے ساتھ ھی انعامداروں کو کچھ معاوضہ دینا بھی طے کیا گیا ھے۔ اس کے ساتھ ساتھ قولداروں کے حقوق کی بھی حفاظت کی گئی ھے ۔ اگر وہ ایسے قولدار ھیں جن کو حقوق پٹہ داری حاصل ھو چکے ھیں تو اون کو بلا معاوضہ پٹہ دینے کی گنجائش رکھی گئی ھے ۔ اگر ان کا قبضہ محفوظ قولداروں کی حد تک ھے یا عارضی ھے تو ان سے کچھ معاوضہ لیکر ان کو پٹہ دینے کے احکام اس میں مدون کئے گئے ھیں ۔ اگر انعامدار ذاتی کاشت کرنا چاھیں تو ان کو بھی ساڑھے چار فیملی ھولڈنگ تک پٹہ کرنے کی گنجائش اس میں رکھی گئی ھے ۔

اس کے علاوہ اس بل میں انعامدار کے لئے حسب ذیل معاوضہ مقرر کیا گیا ھے اگر وہ ایسے اراضیات ھیں جن پر قولداروں کو پٹہ داری کے حقوق حاصل ھوچکے ھیں تو انعامدار کو معاوضہ بقدر ۲۰ گنا زر مالگزاری کے مقرر کیا گیا ھے ۔اور اگر قولدار کو پٹہ دار کے حقوق حاصل نہیں ھوئے ھیں تو ان سے جو پریمیم (Premium) لیا جاتا ھے اسکا ۷۵ فی صدی انعامدار کو دینا قرار دیا گیا ھے ۔ اسی طرح جہاں افتادہ اراضیات ھیں وھاں سالانہ آمدنی کا پانچ گنا دینے کی گنجائش اس میں رکھی گئی ھے۔ اگر ساڑھے چار فیملی ھولڈنگ سے زیادہ آراضی ھو اور حکومت اس کو لینا چاھے تو اسکے لئے بھی معاوضہ مقرر کیا گیا ھے۔ قابل کاشت اراضیات کی صورت میں ۱۰ گنا دینے کی گنجائش رکھی گئی ھے اور نا قابل کاشت ھو تو آمدنی کا چار گنا دلایا گیا ھے ۔ علاوہ ازیں ان کا مرافعہ اور نگرانی ھائی کورٹ میں پیش کرنے کا حق دیا گیا ھے تا کہ وہ صحیح انصاف حاصل کرسکیں۔ اس بل میں وہ تمام امور ھیں جن سے معاوضہ ملتا ھے اور حقوق کی حفاظت ھوتی ھے۔ اس وجہ سے اس بل کو منظور کرنے کی ضرورت ھے ۔

श्री. व्ही. डी. देशपांडे :—मैंने जो सजेशन (Suggestion) हाउस के सामने रखा था, अुससे कोओ गलतफहमी नही होनी चाहिये । मेरा कहने का मतलब यह था कि अमेंडमेंटस कल लिये जायें और आज यह जो बिल हाअुस के सामने है अुसपर कल ही जनरल डिसकशन रखा जाय तो अच्छा होगा । और यदि आज हाअुस अॅडजर्न (Adjourn) किया जाय तो अच्छा होगा क्योंकि हमें ख्यालात तफसिली तौर पर रखने की जरूरत है । हमारे बहुत से मेंबर्स भी आज हाजिर नहीं हैं । अिस लिये हाअुस अॅडजर्न किया जाय तो मुनासिब होगा ।

مسٹر اسپیکر :- اسٹڈی کرنے کے لئے تین چار مہینے ملے تھے ۔ میں سمجھتا ھوں کہ امنڈمنٹس کے لئے پرسوں کا دن مقرر کیا جائے اور آج فرسٹ ریڈنگ کی جائے تو کسی کو آبجکشن (Objection) نہیں ھوگا ۔ اس سے ھاؤس کا وقت بچتا ھے۔ اس لئے

ابالشن آف انعامس بل کے امنڈمنٹس پرسوں اور اگریکلچرل ریلیف بل کے امنڈمنٹس کل لئے جا ئینگے۔

شری کے۔ وینکٹ رام راؤ (چنا کونڈور):— ابالشن آف انعامس کا جو طریقہ کار ھے اس پر ھمیں اعتراض ھے.....

مسٹر اسپیکر:— ابالیشن کے بارے میں اعتراض نہیں ھے - اس کے پراویژنس کے بارے میں تو امنڈمنٹس آئیں گے - جن پر ھم غور کرسکتے ھیں -

شری کے - وینکٹ رام راؤ:— اس پر بھی جنرل ڈسکشن ھونا ھم مناسب سمجھتے ھیں -

شری انا جی راؤ گوانے (پربھنی) :— آج ھاؤس اڈجرن کرکے کل تک موقع دیا جائے۔

* مسٹر اسپیکر:—اس سے ٹائم ویسٹ ھوتا ھے اور ھمیں بہت ساکام کرنا ھے - کیا پہلے سے یہ خیال تھا کہ پہلا دن ھونے کی وجہ سےکام نہیں ھوگا ؟

شری گوپال راؤ اکبوٹے:— عام طور پر تو ملتوی نہیں ھوناچاھئے لیکن جب کوئی آنریبل ممبر بھی تیا ر نہیں ھیں تو میں سمجھتا ھوں کہ اصرار کرنا زیادہ کارآمد نہ ھوگا -

مسٹر اسپیکر:— فرسٹ ریڈنگ کے بارے میں بھی کل ھی بحث ھوگی لیکن کم ازکم کل تک پورے امنڈ منٹس آجانے چاھئیں ورنہ ایک دن اور بڑھ جائےگا۔

m. *The House then adjourned till Half Past Two of the Clock on Thursday, the 19th August, 1954.*
